# کوویڈ-۱۹ کے دوران عام انتخابات / ضمنی انتخابات کے انعقاد کی بابت وسیع رہنمایانہ خطوط

اگست ۲۰۲۰

دستاویز نشان ۳۲۴ء۶ء ای پی ایس ءاوٹی ء۰۰۱ء۲۰۲۰

## الیکشن کمیشن آف انڈیا

نرواچن سدن، اشوکا روڈ، نئی دہلی - ۱۱۰۰۰۱

'کوئی رائے دہندہ چھوٹنے نہ پائے'

# کوویڈ۔۱۹ کے دوران
# عام انتخابات/ضمنی انتخابات
# کے انعقاد کی بابت
# وسیع رہنمایانہ خطوط

**اگست ۲۰۲۰**

دستاویز نشان ۳۲۴ء۶ء ای پی ایس ء اوٹی ء ۰۰۱ء۲۰۲۰

## الیکشن کمیشن آف انڈیا

نرواچن سدن، اشوکا روڈ، نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰۰۱

# کوویڈ۔۱۹کے دوران عام انتخابات/ضمنی انتخابات کے انعقاد کی بابت وسیع رہنمایانہ خطوط

ہندوستان میں کوویڈ۔۱۹ وبا کے پھوٹ پڑنے کے بعد، وزارت داخلی امور اور وزارت صحت و خاندانی بہبود (ایم او ایچ ایف ڈبلیو) وقتاً فوقتاً رہنمایانہ خطوط جاری کرتی رہی ہیں۔ ان کے حالیہ مراسلہ مورخہ ۲۹/جولائی، ۲۰۲۰ میں وزارت داخلی امور نے ملک گیر سطح پر عمل کی غرض سے جامع رہنمایانہ خطوط/ہدایات جاری کئے ہیں۔ وزارت صحت و خاندانی بہبود نے بھی کوویڈ۔۱۹ پر قابو پانے کی بابت انسداد انفکشن، سینیٹائزیشن اور روک تھام سے متعلق ایس او پی جاری کئے۔

کمیشن نے ۱۷/جولائی، ۲۰۲۰ کو قومی/ریاستی سیاسی جماعتوں سے ۳۱/جولائی ۲۰۲۰ تک آراء/تجاویز طلب کئے تھے، درخواست پر، کمیشن نے اس مدت میں ۱۱/اگست، ۲۰۲۰ تک توسیع کی ہے۔ کمیشن نے مختلف سیاسی جماعتوں اور ریاستوں/مرکزی زیر انتظام علاقوں کے چیف الکٹورل آفیسرس سے انتخابی مہم اور عوامی جلسوں کی بابت موصولہ آراء/تجاویز پر غور کیا۔

مذکورہ بالا کو مدنظر رکھتے ہوئے، کوویڈ۔۱۹ کے دور میں مختلف ریاستوں/مرکزی زیر انتظام علاقوں میں آنے والے عام انتخابات اور ضمنی انتخابات کے پیش نظر، انتخابات کے انعقاد کی کلیدی سرگرمیوں کے سلسلہ میں حسب ذیل وسیع رہنمایانہ خوط وضع کئے گئے ہیں۔

| سلسلہ نشان | رہنمایانہ خطوط برائے عمل آوری |
|---|---|
| ا۔ | مکمل انتخابی عمل کے دوران تمام افراد کے لئے قابل عمل رہنمایانہ خطوط<br>ا) انتخابات سے متعلق ہر سرگرمی کے دوران ہر فرد چہرے کا ماسک استعمال کرے گا۔ |

| | |
|---|---|
| | ۲) انتخابی عمل کے لئے استعمال ہونے والے ہال/کمرہ/احاطہ میں داخلہ کے وقت:<br>(الف) تمام افراد کی تھرمل اسکیاننگ کی جائے گی؛<br>(ب) سینیٹائزر/صابن اور پانی دستیاب رکھا جائے گا۔<br>۳) ریاستی حکومت اور وزارت داخلی امور کی رہنمایانہ خطوط کے مطابق کوویڈ۔۱۹ کی نوعیت کے مطابق سماجی فاصلہ برقرار رکھا جائے گا۔<br>۴) جہاں تک قابل عمل ہو، سماجی فاصلہ کے اصولوں کو یقینی بنانے کی غرض سے وسیع ہالس کی نشاندہی کی جائے گی اور استعمال کئے جائیں گے۔<br>۵) کوویڈ۔۱۹ رہنمایانہ خطوط کی عمل آوری کو یقینی بنانے کے لئے انتخابی عملہ، سکیوریٹی عملہ کی نقل حرکت کے لئے مناسب تعداد میں گاڑیاں استعمال کی جائیں گی۔ |
| ۲۔ | نگران کار عہدیدار صحت<br>تمام انتخابی عمل کے دوران کوویڈ۔۱۹ سے متعلق انتظامات اور انسدادی اقدامات کی نگرانی کی بابت ریاست، ضلع اور حلقہ انتخاب اسمبلی کے لئے نگران کار عہدیدار صحت نامزد کیا جائے گا۔ |
| ۳۔ | ای وی ایمس/وی وی پیاٹس<br>۱) وسیع ہالس میں ای وی ایمس/وی وی پیاٹس کی پہلی اور دوسری ترتیب بندی اور تیاری کی جائے گی۔<br>۲) عمل کے دوران استعمال کے لئے مناسب مقدار میں سینیٹائزرس فراہم کئے جائیں گے۔<br>۳) ای وی ایم/وی وی پیاٹ کی دیکھ بھال کرنے والے ہر عہدیدار کے لئے دستانے دستیاب بنائے جائیں گے۔ |

| | |
|---|---|
| ۴۔ | تربیت اور فروغ صلاحیت<br>ا۔ جہاں تک قابل عمل ہو، انتخابی عہدیداروں کے لئے وسیع ہالس میں غیر مرکوز انداز میں تربیت کا اہتمام کیا جائے گا۔<br>۲۔ انتخابی عہدیداروں کیلئے آن لائن طرز پر تربیت کا اہتمام کیا جاسکتا ہے۔<br>۳) تمام پی پی ٹیز، تربیتی مواد، متعلقہ دستاویزات، عنوان واری ویڈیو کلپس، خود احتسابی کے لئے سوالیہ پرچے ایپ / پورٹل پر اپ لوڈ کئے جاسکتے ہیں تا کہ کسی بھی انتخابی عہدیدار کے لئے حسب ضرورت قابل رسائی ہو سکے۔<br>۴) کسی بھی انتخابی عملہ میں کوویڈ۔۱۹ کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں انہیں تبدیل کرنے کے لئے ڈی ای او/آر او کی جانب سے مناسب تعداد میں انتخابی/رائے شماری/ انتخابات سے متعلق عملہ کو محفوظ رکھنا چاہئے۔ |
| ۵۔ | نامزدگی کا عمل<br>اَ۔ آن لائن طرز کی سہولت کے لئے حسب ذیل اضافی انتخاب یہاں فراہم کیا گیا ہے:<br>۱) نامزدگی فارم سی ای او/ڈی ای او کے ویب سائٹ پر بھی آن لائن دستیاب بنائے جائیں گے۔ خواہش مند امیدوار اسے آن لائن پُر کرسکتا ہے اور ریٹرننگ عہدیدار کے روبرو پیش کرنے کے لئے اس کا پرنٹ حاصل کرسکتا ہے جیسا کہ فارم۔ا میں صراحت کی گئی ہے۔ (انتخابی قواعد ۱۹۶۱ کے انعقاد کا قاعدہ۔۳)۔<br>۲) حلفنامہ بھی سی ای او/ڈی ای او کی ویب سائٹ پر آن لائن پُر کیا جاسکتا ہے اور اس کا پرنٹ حاصل کیا جاسکتا ہے اور نوٹری کے بعد اسے نامزدگی فارم کے ساتھ رٹرننگ عہدیدار کو پیش کیا جاسکتا ہے۔<br>۳) امیدواران مختص کردہ پلیٹ فارم پر آن لائن طرز پر رقم ضمانت جمع کرواسکتے ہیں۔ تاہم، ایک امیدوار کو خزانہ میں نقد رقم جمع کروانے کا اختیار باقی رہے گا۔<br>۴) امیدوار آن لائن نامزدگی کے مقصد سے اس کا/اس کی حق انتخاب کی تصدیق طلب کرنے کا اختیار رکھ سکتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| | ۴ا۔مزید یہ کہ، کمیشن نے ہدایت دی ہے:<br>ا) نامزدگی کے ادخال کے لئے امیدوار کے ساتھ آنے والے افراد کی تعداد دو (۲) تک محدود ہے۔(یہ امر ریٹرننگ عہدیدار کے دستی کتابچہ ۲۰۱۹ کے موجودہ پیرا، ا۸ء۵ کی جگہ ہے)<br>۲) نامزدگی کے مقصد کی بابت گاڑیوں کی تعداد دو (۲) تک محدود ہے۔(یہ امر ریٹرننگ عہدیدار کے دستی کتابچہ ۲۰۱۹ کے موجودہ پیرا، ا۸ء۵ کی جگہ ہے)<br>۳) ریٹرننگ عہدیدار کے اجلاس پر نامزدگی، تنقیح اور انتخابی علامت مختص کرنے کی بابت سرگرمیاں انجام دینے کے لئے سماجی فاصلے کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے مناسب گنجائش ہونی چاہیئے۔<br>۴) ریٹرننگ عہدیدار کو چاہیئے کہ خواہش مند امیدواروں کو پیشگی مقررہ وقت مختص کردے۔<br>۵) امیدوار(وں) کو انتظار کے لئے وسیع گنجائش کا انتظام کیا جانا چاہیئے۔<br>۶) نامزدگی فارم اور حلف نامہ کے ادخال کے لئے کیئے جانے والے درکار تمام اقدامات قانون عوامی نمائندگان ۱۹۵۱ میں موجود احکام کے مطابق روبہ عمل لائے جانے چاہیئے۔ |
| ۶۔ | انتخابی مواد<br>انتخابی مواد کٹ تمام حفاظتی، صفائی اور سماجی فاصلے کے اقدامات کو بروئے کار لاتے ہوئے وسیع وعریض اور مناسب گنجائش کے بڑے ہال میں تیار کی جائے گی۔ |
| ۷۔ | انتخابی مواد کی تقسیم اور حصول<br>ا) انتخابی مواد کی تقسیم رحصول کے لئے وسیع ہالس رجگہوں کی نشاندہی کی جائے گی۔<br>۲) جہاں تک قابل عمل ہو،اس کا انتظام غیر مرکوز انداز میں کیا جائے گا۔<br>۳) انتخابی مواد کی تقسیم رحصول کے لئے انتخابی ٹیموں کو قبل از وقت مقررہ وقت مختص کیا جائے گا۔ |

| | |
|---|---|
| ۸۔ | **تیسری ترتیب بندی کے اوقات**<br>انتخابی عملہ کی تیسری ترتیب بندی کے اوقات میں ۲۴ گھنٹوں سے ۲۷ گھنٹوں تک کا اضافہ کیا جائے گا تا کہ مراکز تقسیم پر انتخابی عملہ کی بڑی تعداد کے جمع ہونے کا تدارک کیا جا سکے۔<br>(یہ امر ای سی آئی نشان ۴۶۴/ادارہ/۲۰۰۸/ای پی ایس، مورخہ ۱۹/ستمبر، ۲۰۰۸ کی جگہ ہے) |
| ۹۔ | **مراکز رائے دہی میں رائے دہندوں کی تعداد**<br>ایک مرکز رائے دہی میں زیادہ سے زیادہ رائے دہندوں کی تعداد ۱۵۰۰ کے بجائے ۱۰۰۰ ہوگی۔<br>(کمیشن کی ہدایت نشان ۲۳/ایس ای سی/۲۰۲۰۔ای آر ایس، مورخہ ۲۳/جولائی، ۲۰۲۰) |
| ۱۰۔ | **مرکز رائے دہی کے انتظامات**<br>کمیشن نے ہر مرکز رائے دہی پر کم از کم سہولیات کو یقینی بنانے کے لئے تفصیلی ہدایات جاری کئے ہیں۔اب، کوویڈ۔۱۹ کی صورتحال کے پیش نظر، حسب ذیل اضافی سہولیات/اقدامات کئے جائیں گے۔<br>۱) مرکز رائے دہی کا لازمی سینیٹائزیشن، ترجیحی طور پر، انتخابات سے ایک دن قبل کیا جائے گا۔<br>۲) ہر مرکز رائے دہی کے داخلہ کے مقام پر تھرمل اسکیانر رکھا جائے گا۔<br>۳) ہر مرکز رائے دہی/مقام کے باب داخلہ پر انتخابی عملہ یا طبی عملہ یا آشا ورکرس کی جانب سے رائے دہندوں کی تھرمل جانچ کی جائے گی۔<br>۴) اگر درجہ حرارت پہلی جانچ میں وزارت صحت و خاندانی بہبود کے مقرر کردہ پیمانے سے زائد ہو تو دوبارہ جانچ کی جائے گی اور پھر بھی وہی درجہ حرارت ہو تو رائے دہندہ کو ٹوکن/سرٹی فیکٹ دیا جائے گا اور اس سے کہا جائے گا کہ رائے دہی کے لئے انتخابات کے آخر وقت حاضر ہو۔انتخابات کے آخر وقت میں، ایسے رائے دہندگان کو کوویڈ۔۱۹ سے متعلق احتیاطی اقدامات پر سختی سے عمل کرتے ہوئے رائے دہی کا موقع دیا جائے گا۔ |

۵) رائے دہندوں کو پہلے آمد پہلے اساس پر ٹوکن کی تقسیم کے لئے مدد ڈسک ہوگا تا کہ انہیں قطار میں انتظار کرنا نہ پڑے۔

۶) قطار کے لئے سماجی فاصلہ کی نشاندہی کی بابت مارکر کا استعمال۔

۷) جگہ کی دستیابی پر منحصر قطار میں کھڑے ہونے کے لئے رائے دہندوں کو ۲ گز (۶ فیٹ) کے ۱۵ تا ۲۰ افراد کے نشاندہی دائرے بنائے جائیں گے۔ مرد، خواتین اور جسمانی معذورین/بزرگ شہری رائے دہندوں کے لئے فی کس تین قطاریں بنائی جائیں گی۔

۸) سماجی فاصلہ کے اصولوں پر سختی سے عمل آوری کی نگرانی اور باقاعدہ بنانے کے لئے بی ایل اوز، والینٹرس وغیرہ کی خدمات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

۹) مرکز رائے دہی میں مرد اور خواتین کے لئے علیحدہ سائبان معہ کرسیاں، دری وغیرہ فراہم کئے جائیں گے تا کہ رائے دہندگان حفاظتی تشویش کے بغیر رائے دہی میں حصہ لے سکیں۔

۱۰) جہاں کہیں ممکن ہو، مرکز رائے دہی پر بوتھ ایپ استعمال کیا جائے گا۔

۱۱) ہر مرکز رائے دہی میں آمد و رفت کے مقام پر صابن اور پانی فراہم کیا جائے گا۔

۱۲) ہر مرکز رائے دہی میں آمد و رفت کے مقام پر سینیٹائزر فراہم کیا جائے گا۔

۱۳۔ ایسے رائے دہندے کے لئے چہرہ کے ماسک محفوظ رکھے جائیں جو ماسک لیکر نہیں آتے ہوں۔

۱۴۔ نظر آنے والے مقامات پر کووڈ۔۱۹ کے بارے میں شعور بیداری کے اشتہارات چسپاں کئے جائیں۔

۱۵۔ انتخابی عملہ اور انتخابی ایجنٹس کے لئے سماجی فاصلہ کے قواعد کے مطابق انتخابی اسٹیشن میں بیٹھنے کے انتظامات کئے جائیں۔

۱۶۔ اگر پولنگ ایجنٹ یا رائے شماری کرنے والے ایجنٹ کا درجہ حرارت صراحت کردہ حد سے زیادہ ہو تو پرسائیڈنگ آفیسر کی جانب سے انکے قریبی کو اجازت دی جائے جو حسبہ انکا ریکارڈ بھی رکھیں گے۔

۱۷۔ رائے دہندہ کی شناخت کے عمل کے دوران رائے دہندوں کے لئے ضروری ہوگا کہ حسب ضرورت اپنی پہچان کے لئے ماسک کو چہرہ سے نیچے کریں۔

۱۸۔ فراہم کردہ وقت میں صرف ایک (۱) رائے دہندہ کو سماجی فاصلہ برقرار رکھتے ہوئے انتخابی عہدیدار کے روبرو ٹہرنے کی اجازت رہیگی۔

| | |
|---|---|
| | ۱۹۔ رائے دہندوں کے رجسٹر میں دستخط کرنے اور رائے دہی کے لئے الیکٹرانک ووٹنگ مشین (ای وی ایم) کا بٹن دبانے رائے دہندے کو دستانے فراہم کئے جائیں۔<br>۲۰۔ رائے دہندوں کے استعمال کے لئے بوتھ کے اندر بآسانی نظر آنے والے مناسب مقامات پر سینیٹائیزر رکھے جائیں۔<br>۲۱۔ الگ تھلگ رہنے والے کووڈ۔۱۹ کے مریضوں کو رائے دہی کے دن آخری گھنٹے میں انکے متعلقہ رائے دہی کے مراکز میں صحت کے عہدیداروں کی نگرانی میں کووڈ۔۱۹ سے متعلق احتیاطی اقدامات پر سختی سے عمل آوری کرتے ہوئے ووٹ ڈالنے کی اجازت رہیگی۔سیکٹر مجسٹریٹس، اس معاملہ میں انھیں مختص کردہ پولنگ اسٹیشنوں میں تعاون کریں۔<br>۲۲۔ کنٹنمینٹ زون قرار دیئے گئے علاقوں میں رہائش پذیر رائے دہندوں کے متعلق علحدہ طور پر رہنمایانہ خطوط جاری کئے جائیں۔ |
| ۱۱ | انتخابی عہدیدار کے لئے کٹ:<br>ہر انتخابی عہدیدار اور محافظ عملہ کو (ماسوا انکے جنھیں پی پی ایز کی ضرورت ہے) صراحت کردہ دیگر سامان کے علاوہ حسب ذیل اشیاء سربراہ کئے جائیں۔<br>اَ۔ ماسک<br>۲َ۔ سینیٹائیزر<br>۳۔ چہرہ کی حفاظت والی شیلڈ<br>۴۔ دستانے |
| ۱۲ | پوسٹل بیالٹ<br>ا۔ حسب ذیل زمرہ کے رائے دہندوں کے لئے پوسٹل بیالٹ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔<br>الف۔ ایسے رائے دہندے جنھیں جسمانی معذورین (پی ڈبلیوڈی) قرار دیا گیا ہے۔<br>ب۔ ۸۰ سال سے زائد عمر کے حامل رائے دہندے۔<br>ج۔ معلنہ ضروری قدمات میں برسرخدمت رائے دہندے۔<br>د۔ ایسے رائے دہندے جو کووڈ۔۱۹ مثبت رمشتبہ ہوں اور (گھر رادارہ) میں الگ تھلگ ہوں۔ |

۱۳۔ سیاسی جماعتوں/مقابلہ کرنے والے امیدواروں کی مہم:

ا۔ گھر گھر مہم۔کسی بھی سلامتی عملہ کے ماسوا امیدوار کے بشمول ۵ (پانچ) افراد کے گروپ کو گھر گھر مہم کی اجازت کوویڈ۔۱۹ کے موجودہ رہنمایانہ خطوط کے بشمول کسی بھی دیگر پابندیوں سے مشروط رہے گی۔

۲۔ روڈ شوز۔گاڑیوں کے قافلہ کو ۱۰ گاڑیوں کے بجائے ہر ۵ (پانچ) گاڑیوں (سیکیوریٹی کی کسی بھی گاڑی کے ماسوا) کے بعد علحدہ کر دیا جائے۔گاڑیوں کے دو جڑواں قافلہ کے درمیان وقفہ کو ۱۰۰ میٹر کی دوری کے بجائے آدھے گھنٹے کا فاصلہ رکھا جائے۔(ریٹرننگ آفیسرس کے کتابچہ ۲۰۱۹ کے فقرہ ۱ء۸ء۵ کی منسوخی)

۳۔ انتخابی جلسہ: عوامی جلسوں/ریالیوں کو کوویڈ۔۱۹ کے موجودہ رہنمایانہ خطوط پر عمل پیرا ہوتے ہوئے منعقد کیا جائے۔ ضلعی انتخابی عہدیدار کو اس مقصد کے لئے حسب ذیل اقدامات کرنے ہونگے۔

الف۔ ضلع انتخابی عہدیدار کو پیشگی طور پر واضح طور پر داخلہ اور اخراج کے واضح مقامات کے حامل عوامی اجتماع کے لئے وقف کردہ میدانوں کی نشاندہی کرنی ہوگی۔

ب۔ ایسے نشاندہی کردہ تمام میدانوں میں ضلعی انتخابی عہدیدار کو بطور پیشگی ایسے نشانات رکھنے ہوں گے تاکہ شرکاء کی جانب سے سماجی فاصلہ کے قواعد کو یقینی بنایا جائے۔

ج۔ اس کارروائی میں نوڈل ضلعی صحت عہدیدار کو بھی شامل کیا جائے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ضلع میں تمام متعلقین کوویڈ۔۱۹ سے جڑے تمام رہنمایانہ خطوط پر کے پابند ہوں۔

د۔ ضلعی انتخابی عہدیدار اور ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولس کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ شرکاء کی تعداد، عوامی جلسہ کے لئے ریاستی آفات سماوی کے ادارہ کی جانب سے صراحت کردہ حد سے زیادہ نہ ہو۔

ھ۔ ضلعی انتخابی عہدیدار کو چاہئے کہ وہ سیکٹر ہیلت ریگولیٹر کو تعینات کرے تاکہ اس بات پر نظر رکھی جائے کہ ان جلسوں کے دوران کوویڈ۔۱۹ کے ہدایات/رہنمایانہ خطوط پر عمل آوری کی جارہی ہے۔

و۔ سیاسی جماعتوں اور متعلقہ امیدواروں کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ انکی سرگرمیوں کے دوران کوویڈ ۱۹ سے متعلق چہرے کے ماسک، سینیٹائیزر، تھرمل اسکاننگ وغیرہ جیسی تمام ضروریات کی تکمیل ہو۔

ز۔ ہدایات کی عدم تعمیل:

اگر کوئی کوویڈ۔۱۹' کے اقدامات سے متعلق ہدایات کی خلاف ورزی کرے تو قانون آفات سماوی ۲۰۰۵ کی دفعہ ۵۱ تا ۶۰ کی ضمن کے محاذی مستوجب سزا ہوگا علاوہ ازیں تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۸۸ کے تحت اور وزارت برائے داخلی امور کے آرڈر نشان ۳-۴۰/۲۰۲۰۔ڈی ایم۔آئی (اے) مورخہ ۲۹/جولائی ۲۰۰۲ کی صراحت کے مطابق قابل اطلاق دیگر دفعات کے تحت قانونی کارروائی کی جائے۔ضلعی انتخابی عہدیدار کو تمام متعلقین کے علم میں یہ بات لانی ہوگی۔

۴۔ کمیشن کی جانب سے قبل ازیں صراحت کئے گئے طریقہ کار کے مطابق سویدھا اپلیکیشن کا استعمال کرتے ہوئے عوامی مقامات کو مختص کیا جائے۔

| | |
|---|---|
| ۱۴۔ | سیاسی جماعتوں/مقابلہ کرنے والے امیدواروں کی مہم:<br>(۱) رائے دہی کا دن پورا ہونے کے بعد اسٹرانگ روم کو سینیٹائیز کیا جائے۔<br>(۲) ہر سرگرمی کے لئے سماجی فاصلہ اور دیگر حفاظتی قواعد پر عمل آوری کی جائے۔ |
| ۱۵۔ | رائے شماری:<br>(۱) رائے شماری کے مرکز میں رائے شماری کے سات سے زائد ٹیبلس فراہم نہ کئے جائیں۔لہذا ایڈیشنل اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسرس کا تقرر کرتے ہوئے ۳ تا ۴ مراکز میں ایک حلقہ انتخاب کے ووٹوں کی گنتی پر غور کیا جائے۔(ہدایات مورخہ ۳۰/اپریل ۲۰۱۴ کی جگہ)<br>(۲) سی یوز/وی وی پی اے ٹی لے جانے والے کیسیس کو رائے شماری کے ٹیبلس پر رکھنے سے قبل سینیٹائیز کیا جائے۔<br>(۳) ہر ٹیبل پر ایک عہدیدار کی جانب سے سی یوز/وی وی پی اے ٹی ایس کی مہر علحدہ کی جائے اور نتائج کو سی یو پر دکھایا جائے۔<br>(۴) رائے شماری کے ایجنٹس کی بڑی تعداد کو جمع ہونے سے روکنے کے لئے نتائج کو کنٹرول یونٹس کے ذریعہ بڑے اسکرین پر دکھایا جائے۔<br>(۵) رائے شماری کے مراکز کو گنتی سے قبل گنتی کے دوران اور اسکے بعد صاف کیا جائے۔<br>(۶) پوسٹل بیالٹ کی گنتی کے لئے اے آر اوز کی زیادہ تعداد کی ضرورت ہوگی۔ضرورت محسوس ہونے پر پوسٹل بیالٹ کی گنتی ریٹرننگ آفیسر/اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر کی نگرانی میں ایک علحدہ ہال میں بھی کی جاسکتی ہے۔ |
| | ان وسیع رہنمایانہ خطوط کے اساس پر ریاستی سطح پر تمام مقامی حالات کو نظر میں رکھتے ہوئے کوویڈ۔۱۹ سے متعلق ایک تفصیلی اور جامع منصوبہ تیار کیا جائے۔عام انتخابات کی صورت میں متعلقہ نگرانکار صحت کے عہدیدار/اے سی/ضلعی و ریاستی سطح کے اے سی کے ساتھ مشاورت کرتے ہوئے سہ حصہ پر مشتمل منصوبہ تیار کیا جائے۔ضمنی انتخابات کے معاملہ میں متعلقہ نگرانکار ہیلتھ آفیسر سے مشاورت کرتے ہوئے ضلعی اور اے سی کے سطح پر منصوبہ وضع کئے جائیں۔اگر ایک سے زائد ضلع شامل ہو تو پارلیمانی حلقہ کے ریٹرننگ آفیسر کو حسب ضرورت ضلعی انتخابی عہدیداروں سے رابطہ کے ذریعہ ایسے منصوبے تیار کرنا ہوگا۔ |

# نوٹ

'کوئی رائے دہندہ چھوٹنے نہ پائے'

# الیکشن کمیشن آف انڈیا

نرواچن سدن، اشوکا روڈ، نئی دہلی ۔۱۱۰۰۰۱

https://eci.gov.in/

دستاویز نشان ۳۲۴ء۶ء ای پی ایس ء او ٹی ء۰۰۱ء۲۰۲۰

# کوویڈ-۱۹ کے دوران عام انتخابات/ضمنی انتخابات کے انعقاد کی بابت وسیع رہنمایانہ خطوط

ہندوستان میں کوویڈ-۱۹ وبا کے پھوٹ پڑنے کے بعد، وزارت داخلی امور اور وزارت صحت و خاندانی بہبود (ایم او ایچ ایف ڈبلیو) وقتاً فوقتاً رہنمایانہ خطوط جاری کرتی رہی ہیں۔ ان کے حالیہ مراسلہ مورخہ ۲۹/جولائی، ۲۰۲۰ میں وزارت داخلی امور نے ملک گیر سطح پر عمل کی غرض سے جامع رہنمایانہ خطوط/ہدایات جاری کئے ہیں۔ وزارت صحت و خاندانی بہبود نے بھی کوویڈ-۱۹ پر قابو پانے کی بابت انسداد انفکشن، سینیٹائزیشن اور روک تھام سے متعلق ایس او پی جاری کئے۔

کمیشن نے ۱۷/جولائی، ۲۰۲۰ کو قومی/ریاستی سیاسی جماعتوں سے ۳۱/جولائی ۲۰۲۰ تک آراء/تجاویز طلب کئے تھے، درخواست پر، کمیشن نے اس مدت میں ۱۱/اگست، ۲۰۲۰ تک توسیع کی ہے۔ کمیشن نے مختلف سیاسی جماعتوں اور ریاستوں/مرکزی زیر انتظام علاقوں کے چیف الکٹورل آفیسرس سے انتخابی مہم اور عوامی جلسوں کی بابت موصولہ آراء/تجاویز پر غور کیا۔

مذکورہ بالا کو مدنظر رکھتے ہوئے، کوویڈ-۱۹ کے دور میں مختلف ریاستوں/مرکزی زیر انتظام علاقوں میں آنے والے عام انتخابات اور ضمنی انتخابات کے پیش نظر، انتخابات کے انعقاد کی کلیدی سرگرمیوں کے سلسلہ میں حسب ذیل وسیع رہنمایانہ خوط وضع کئے گئے ہیں۔

| سلسلہ نشان | رہنمایانہ خطوط برائے عمل آوری |
|---|---|
| ا۔ | مکمل انتخابی عمل کے دوران تمام افراد کے لئے قابل عمل رہنمایانہ خطوط<br>۱) انتخابات سے متعلق ہر سرگرمی کے دوران ہر فرد چہرے کا ماسک استعمال کرے گا۔ |

| | |
|---|---|
| | ۲) انتخابی عمل کے لئے استعمال ہونے والے ہال/کمرہ/احاطہ میں داخلہ کے وقت:<br>(الف) تمام افراد کی تھرمل اسکیاننگ کی جائے گی؛<br>(ب) سینیٹائزر/صابن اور پانی دستیاب رکھا جائے گا۔<br>۳) ریاستی حکومت اور وزارت داخلی امور کی رہنمایانہ خطوط کے مطابق کوویڈ۔۱۹ کی نوعیت کے مطابق سماجی فاصلہ برقرار رکھا جائے گا۔<br>۴) جہاں تک قابل عمل ہو' سماجی فاصلہ کے اصولوں کو یقینی بنانے کی غرض سے وسیع ہالس کی نشاندہی کی جائے گی اور استعمال کئے جائیں گے۔<br>۵) کوویڈ۔۱۹ رہنمایانہ خطوط کی عمل آوری کو یقینی بنانے کے لئے انتخابی عملہ' سکیوریٹی عملہ کی نقل حرکت کے لئے مناسب تعداد میں گاڑیاں استعمال کی جائیں گی۔ |
| ۲۔ | نگران کار عہدیدار صحت<br>تمام انتخابی عمل کے دوران کوویڈ۔۱۹ سے متعلق انتظامات اور انسدادی اقدامات کی نگرانی کی بابت ریاست' ضلع اور حلقہ انتخاب اسمبلی کے لئے نگران کار عہدیدار صحت نامزد کیا جائے گا۔ |
| ۳۔ | ای وی ایمس/وی وی پیاٹس<br>۱) وسیع ہالس میں ای وی ایمس/وی وی پیاٹس کی پہلی اور دوسری ترتیب بندی اور تیاری کی جائے گی۔<br>۲) عمل کے دوران استعمال کے لئے مناسب مقدار میں سینیٹائزرس فراہم کئے جائیں گے۔<br>۳) ای وی ایم/وی وی پیاٹ کی دیکھ بھال کرنے والے ہر عہدیدار کے لئے دستانے دستیاب بنائے جائیں گے۔ |

| | |
|---|---|
| ۴۔ | تربیت اور فروغ صلاحیت<br>ا۔ جہاں تک قابل عمل ہو' انتخابی عہدیداروں کے لئے وسیع ہالس میں غیر مرکوز انداز میں تربیت کا اہتمام کیا جائے گا۔<br>۲۔ انتخابی عہدیداروں کیلئے آن لائن طرز پر تربیت کا اہتمام کیا جاسکتا ہے۔<br>۳) تمام پی پی ٹیز' تربیتی مواد' متعلقہ دستاویزات' عنوان واری ویڈیو کلپس' خود احتسابی کے لئے سوالیہ پرچے ایپ / پورٹل پر اپ لوڈ کئے جاسکتے ہیں تا کہ کسی بھی انتخابی عہدیدار کے لئے حسب ضرورت قابل رسائی ہو سکے۔<br>۴) کسی بھی انتخابی عملہ میں کوویڈ۔۱۹ کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں انہیں تبدیل کرنے کے لئے ڈی ای او/آر او کی جانب سے مناسب تعداد میں انتخابی / رائے شماری / انتخابات سے متعلق عملہ کو محفوظ رکھنا چاہئے۔ |
| ۵۔ | نامزدگی کا عمل<br>اَ۔ آن لائن طرز کی سہولت کے لئے حسب ذیل اضافی انتخاب یہاں فراہم کیا گیا ہے:<br>۱) نامزدگی فارم سی ای او/ڈی ای او کے ویب سائٹ پر بھی آن لائن دستیاب بنائے جائیں گے۔ خواہش مند امیدوار اسے آن لائن پُر کرسکتا ہے اور ریٹرننگ عہدیدار کے روبرو پیش کرنے کے لئے اس کا پرنٹ حاصل کرسکتا ہے جیسا کہ فارم۔ا میں صراحت کی گئی ہے۔ (انتخابی قواعد ۱۹۶۱ کے انعقاد کا قاعدہ۔۳)۔<br>۲) حلفنامہ بھی سی ای او/ڈی ای او کی ویب سائٹ پر آن لائن پُر کیا جاسکتا ہے اور اس کا پرنٹ حاصل کیا جاسکتا ہے اور نوٹری کے بعد اسے نامزدگی فارم کے ساتھ رٹرننگ عہدیدار کو پیش کیا جاسکتا ہے۔<br>۳) امیدواران مختص کردہ پلیٹ فارم پر آن لائن طرز پر رقم ضمانت جمع کرواسکتے ہیں۔ تاہم' ایک امیدوار کو خزانہ میں نقد رقم جمع کروانے کا اختیار باقی رہے گا۔<br>۴) امیدوار آن لائن نامزدگی کے مقصد سے اس کا / اس کی حق انتخاب کی تصدیق طلب کرنے کا اختیار رکھ سکتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| ۴۔مزید یہ کہ، کمیشن نے ہدایت دی ہے:<br>ا) نامزدگی کے ادخال کے لئے امیدوار کے ساتھ آنے والے افراد کی تعداد دو (۲) تک محدود ہے۔ (یہ امر ریٹرننگ عہدیدار کے دستی کتابچہ ۲۰۱۹ کے موجودہ پیرا ۱ء۸ء۵ کی جگہ ہے)<br>۲) نامزدگی کے مقصد کی بابت گاڑیوں کی تعداد دو (۲) تک محدود ہے۔ (یہ امر ریٹرننگ عہدیدار کے دستی کتابچہ ۲۰۱۹ کے موجودہ پیرا ۱ء۸ء۵ کی جگہ ہے)<br>۳) ریٹرننگ عہدیدار کے اجلاس پر نامزدگی، تنقیح اور انتخابی علامت مختص کرنے کی بابت سرگرمیاں انجام دینے کے لئے سماجی فاصلے کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے مناسب گنجائش ہونی چاہیئے۔<br>۴) ریٹرننگ عہدیدار کو چاہیئے کہ خواہش مند امیدواروں کو پیشگی مقررہ وقت مختص کردے۔ | |

# الیکشن کمیشن آف انڈیا

## نرواچن سدن' اشوکا روڈ' نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۱

نشان ای سی آئی / پی این/۵۰/۲۰۲۰ مورخہ ۲۱/اگست ۲۰۲۰

## پریس نوٹ

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے کوویڈ۔۱۹ مدت کے دوران عام/ضمنی انتخابات کے انعقاد کے لئے وسیع رہنمایانہ خطوط کو منظوری دی ہے انھیں https://eci.gov.in/files/12167-guidelines-for-conduct-of-generalbye-election-during-covid-19/ پر بھی دستیاب کیا گیا ہے۔

ہندوستان میں کوویڈ۔۱۹ وبا کے پھوٹ پڑنے کے بعد، وزارت داخلی امور اور وزارت صحت و خاندانی بہبود (ایم او ایچ ایف ڈبلیو) وقتاً فوقتاً رہنمایانہ خطوط جاری کرتی رہی ہیں۔ ان کے حالیہ مراسلہ مورخہ ۲۹/جولائی' ۲۰۲۰ میں وزارت داخلی امور نے ملک گیر سطح پر عمل کی غرض سے جامع رہنمایانہ خطوط/ہدایات جاری کئے ہیں۔ وزارت صحت و خاندانی بہبود نے بھی کوویڈ۔۱۹ پر قابو پانے کی بابت انسداد انفکشن، سینیٹائزیشن اور روک تھام سے متعلق ایس او پی جاری کئے۔

کمیشن نے ۱۷/جولائی' ۲۰۲۰ کو قومی/ریاستی سیاسی جماعتوں سے ۳۱/جولائی ۲۰۲۰ تک آراء/تجاویز طلب کئے تھے' درخواست پر' کمیشن نے اس مدت میں ۱۱/اگست' ۲۰۲۰ تک توسیع کی ہے۔ کمیشن نے مختلف سیاسی جماعتوں اور ریاستوں/مرکزی زیر انتظام علاقوں کے چیف الکٹورل آفیسرس سے انتخابی مہم اور عوامی جلسوں کی بابت موصولہ آراء/تجاویز پر غور کیا۔

حسب ذیل کو رہنمایانہ خطوط کے خدوخال میں شامل کیا گیا ہے۔

کمیشن نے نامزدگی کے وقت امیدواروں کے ہمراہ افراد کی تعداد اور گاڑیوں کی تعداد کے قواعد پر نظر ثانی کی ہے اس نے نامزدگی کے فارمس اور حلفناموں کو آن لائن پُر کرنے اور متعلقہ آر ڈی او کے پاس پرنٹ حاصل کرنے کے بعد داخل کرنے کے لئے ایک منفرد سہولت وضع کی ہے۔ پہلی مرتبہ امیدواروں کو انتخابات میں حصہ لینے کے لئے سیکیوریٹی کی ڈپازٹ رقم کو آن لائن جمع کرنے کی سہولت میسر رہے گی۔ کنٹمینٹ سے متعلق رہنمایانہ خطوط کو مدنظر رکھتے ہوئے گھر گھر مہم کے لئے امیدوار کے بشمول افراد کی تعداد کو ۵ تک محدود کر دیا ہے۔ عوامی جلسہ اور روڈ شوز' وزارت

برائے داخلی امور،ریاست کی جانب سے جاری کردہ کنٹمینٹ کے ہدایات سے مشروط مناسب ہدایات کے ساتھ قابل اجازت رہیں گے۔ انتخابی عمل کے دوران سماجی فاصلہ کے قواعد کو یقینی بنانے کے لئے چہرہ کے ماسک، سینیٹائیزر، تھرمل اسکانر، دستانہ، چہرہ کو محفوظ کرنے والی شیلڈ، اور پی پی ای کٹس کا استعمال کیا جائیگا۔ رائے دہندگان کے رجسٹر میں دستخط کرنے کے لئے اور رائے دہی کے لئے ای وی ایم کے بٹن دبانے کی خاطر تمام رائے دہندگان کو دستانے فراہم کئے جائیں گے۔

متعلقہ ریاستوں/مرکزی زیر انتظام کے علاقوں کے چیف الیکٹرول آفیسر مقامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان رہنمایانہ خطوط کو عمل آوری کے لئے احتیاطی اقدامات اور بندوبست سے متعلق جامع ریاستی/ضلعی اور اے سی انتخابی منصوبہ وضع کریں گے ان منصوبوں کو متعلقہ ریاستوں/مرکزی زیر انتظام علاقوں میں کوویڈ۔۱۹ کے نوڈل آفیسر سے مشاورت کرتے ہوئے وضع کیا جائیگا۔

(پون دیوان)

انڈر سیکریٹری